HRA-138b (U) 04/19/2019 (page 1 of 6)
(E) 04/02/19
LLF

مخنث اور صنفی غیر ثنائی کلائنٹس کے لیے نام اور صنف کی تبدیلی:
اکثر پوچھے گئے سوالات (Frequently Asked Questions, FAQ)

1. **صنف کی تعیین کے لیے کون سے اختیارات دستیاب ہیں؟**

محکمہ برائے سماجی خدمات/انتظامیہ برائے انسانی وسائل (Department of Social Services/Human Resources Administration, DSS/HRA) کے کلائنٹس F (خاتون)، M (مرد)، یا X (مرد یا خاتون نہیں) کی صنفی تعیین کی درخواست کر سکتے ہیں۔

صنفی تعیین کے لیے اختیار "X" کا کیا مطلب ہے؟ بہت سارے لوگوں کی شناخت مردانہ یا زنانہ، مرد یا خواتین کے طور پر ہوتی ہے (انہیں ہم بعض اوقات "بائنری" صنفی اختیارات کہتے ہیں)۔ تاہم، کچھ لوگوں کی شناخت مرد یا خواتین کے طور پر نہیں ہوتی ہے۔ اس میں وہ لوگ شامل ہو سکتے ہیں جن کی شناخت "غیر ثنائی" (یعنی مرد یا خاتون نہیں) کے طور پر ہوتی ہے نیز وہ افراد جن کی شناخت "بین جنسی" کے طور پر ہوتی ہے۔

- "غیر ثنائی" صنف سے مراد وہ صنفی شناخت ہوتی ہے جو نہ مرد ہے نہ خاتون ہے۔
- "بین جنسی" سے مراد وسیع پیمانے کے حالات ہیں جن میں کس فرد میں ایسے خلقی اطوار ہوتے ہیں جو مرد یا خاتون میں سے کسی کے لیے بھی مخصوص نہیں ہوتے ہیں۔ نوٹ: تمام بین جنسی افراد کی شناخت "غیر ثنائی" کے طور پر نہیں ہوتی ہے۔

صنف X کی تعیین کی کمپیوٹر سسٹم کی تحدیدات: نیو یارک اسٹیٹ HRA کے ذریعہ استعمال ہونے والے بہت سارے بینیفٹ مینیجمنٹ کے کمپیوٹر سسٹمز کو کنٹرول کرتا ہے اور اس نے "X" کے تعین کو شامل کرنے کے لیے اپنے کمپیوٹر سسٹمز کو ابھی تک اپ ڈیٹ نہیں کیا ہے۔ اس بیچ، جن کلائنٹس کی تعیین "X" ہے انہیں بینیفٹس پروگرام میں اندراج کروانے یا آپ کو درپیش ہو سکنے والی کوئی فوری ضرورت پوری کرنے کے مقصد سے یا تو "مرد" یا "خاتون" کو منتخب کرنا ہو گا، چاہے آپ اس انتخاب سے اتفاق نہ کریں۔ اگر آپ "مرد" یا "خاتون" کو منتخب نہیں کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو HRA آپ کی درخواست پر کارروائی نہیں کر سکے گی۔ آپ کو "انتظامیہ برائے انسانی وسائل کے ریکارڈز میں صنف "X" میں تبدیلی کی درخواست" (**HRA-138c**) کے فارم میں اس باکس کو نشان زد کرنا لازم ہے جو آپ کے فیصلے سے مماثلت رکھتا ہو۔

2. **کیا اس سے فرق پڑتا ہے کہ میں کون سی صنف منتخب کرتا ہوں؟**

بعض سروسز جیسے نگہداشت صحت اور حمل سے تعلق رکھنے والی سروسز ایسی ہیں جو صنف کے لحاظ سے پابند ہیں۔ کوریج جیسے Medicaid کے طریقہ کار میں موجود زیادہ تر تفریقات کو "G" کوڈ استعمال کر کے حل کیا جا سکتا ہے (صفحہ 2 دیکھیں)۔

حمل الاؤنس. موجودہ پالیسی بعض پابندیوں کے ساتھ، حاملہ خواتین کے لیے خصوصی بھتے کی اجازت دیتی ہے۔ ریاستی کمپیوٹر سسٹمز حمل الاؤنسز کو "F" صنفی تعین والے افراد تک محدود کر دیتے ہیں۔ حمل الاؤنس کے خواہاں ہو سکنے والے کسی بھی فرد کے لیے "F" تعین کا انتخاب کرنا صنف کے بیک اپ کے لیے ایک بہتر انتخاب ہو سکتا ہے۔ "M" تعین والے افراد کو حمل الاؤنس کی درخواست کرنے کے لیے اپنے HRA کے مقام سے رابطہ قائم کرنا چاہیے۔

(صفحہ پلٹیں)

3. **HRA کے کچھ فارموں میں "پابندی/استثناء" یا "G" کوڈ کا حوالہ ہے — یہ کوڈ کیا ہے اور یہ کیوں اہم ہے؟**

"پابندی/استثناء" یا "G" ایک کوڈ ہے جو لازمی اور بصورت دیگر محیط صحت خدمات کے لیے ادائیگیوں پر تحدیدات کو روکنے کے لیے ریاستی کمپیوٹر سسٹمز میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ کوڈ مخنث مردوں اور خواتین کے لیے استعمال ہوتا ہے اور ان کلائنٹس کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جن کی تعیین "X" ہے۔ اگر آپ صنف کی تبدیلی کی درخواست کرتے ہیں تو آپ کے کیس پر "پابندی/استثناء " کا کوڈ لاگو ہوگا۔ آپ فارم **HRA-138، انتظامیہ برائے انسانی وسائل (Human Resources Administration, HRA) کے ریکارڈوں میں نام اور/یا صنف کی تبدیلی کی درخواست** کا استعمال کرکے اس کوڈ کی درخواست کر سکتے ہیں چاہے آپ اپنی صنف تبدیل نہ کریں۔

بیمہ منصوبے جیسے Medicaid بعض خدمات کو بائنری صنف کے لحاظ سے محدود کرتے ہیں۔ ریاستی سسٹمز میں آپ نے جو صنفی مارکرز رکھے ہیں ان کے لحاظ سے، کچھ خدمات محیط نہیں ہو سکتی ہیں۔ مثلاً، مخنث خاتون یا غیر ثنائی فرد کے لیے پروسٹیٹ کا معائنہ خود بخود محیط نہیں ہو سکتا ہے یا مخنث مرد یا غیر ثنائی فرد کے لیے ماہر امراض نسواں سے ملاقات خود بخود محیط نہیں ہو سکتی ہے۔ لہذا، بلنگ کے مسائل سے بچنے کے لیے، ریاست کے Medicaid کے بلنگ سسٹم، eMedNY میں پابندی/استثناء کا کوڈ درج کیا جا سکتا ہے۔ کوڈ "G1" مخنث خواتین کے لیے ہے اور کوڈ "G2" مخنث مردوں کے لیے ہے۔

"X" کی تعیین والے کلائنٹس۔ G1 اور G2 کوڈز صنف X کی تعیین کے لیے بھی لاگو کیے جا سکتے ہیں۔ اگر آپ صنف X کی تعیین رکھتے ہیں تو آپ کو ریاستی اور وفاقی اطلاع دہندگی کے تقاضوں کے مدنظر سب سے پہلے بائنری صنف کا اختیار منتخب کرنا ہوگا۔ اگر آپ "خاتون" منتخب کرتے ہیں تو G1 کوڈ دیا جا سکتا ہے اور اگر آپ مرد منتخب کرتے ہیں تو G2 کوڈ دیا جا سکتا ہے۔ یہ کوڈ اس امر کو یقینی بنائے گا کہ آپ کی صنف لازمی اور بصورت دیگر محیط نگہداشت کی خدمات کے لیے ادائیگیاں محدود نہیں کرتی ہے۔

<u>**براہ کرم نوٹ کر لیں:**</u> **یہ کوڈ Medicaid قبول کرنے والے کسی بھی نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو نظر آئے گا۔ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں کہ یہ کوڈ آپ کے کیس پر لاگو کیا جائے تو براہ کرم صنف میں تبدیلی کی درخواست کرتے وقت اس کا اشارہ کر دیں۔ تاہم، اس سے آپ کی خدمات متاثر ہو سکتی ہیں۔**

4. **میں HRA کے ریکارڈوں میں اپنی صنف کس طرح تبدیل کروں؟**

صنفی تعیین کو "X" میں تبدیل کرنے کی تمام درخواستیں ایک مکمل کردہ **HRA-138c فارم** کے ساتھ جمع کرائی جائیں۔

صنف کی تبدیلی کے دیگر تمام درخواست دہندگان کو فارم **HRA-138، انتظامیہ برائے انسانی وسائل (Human Resources Administration, HRA) میں نام اور/یا صنف تبدیل کرنے کی درخواست** پُر کرکے جمع کروانا چاہیے۔

اس کے علاوہ، آپ کو درج ذیل میں سے **ایک** دستاویز HRA کے پاس جمع کروانا ضروری ہے:

- نیو یارک اسٹیٹ کی ڈرائیونگ یا نان ڈرائیونگ ID جس سے آپ کی تصحیح کردہ یا تبدیل کردہ صنف کا پتہ چلتا ہو،
- پاسپورٹ یا سند پیدائش جس سے آپ کی تصحیح کردہ یا تبدیل کردہ صنف کا پتہ چلتا ہو،

(صفحہ پلٹیں)

.4 میں HRA کے ریکارڈوں میں اپنی صنف کس طرح تبدیل کروں؟ *(جاری)*

- سوشل سیکیورٹی انتظامیہ کی جانب سے خط جس سے آپ کی صنف کی تصدیق ہوتی ہو، یا
- لائسنس یافتہ معالج، نرس پریکٹشنر، یا معالج کے اس معاون کی جانب سے دستخط مع تاریخ درج کردہ بیان جس نے آپ کا علاج کیا ہو یا آپ کی صنف سے متعلق طبی سرگزشت کا جائزہ لیا ہو۔ بیان میں یہ زبان شامل ہونی چاہیے کہ آپ نے صنفی بے مرادی کے ساتھ تشخیص شدہ فرد کے مدنظر "مناسب طبی معالجہ" کروایا ہے۔

مطلوبہ دستاویزات آپ کے پاس آ جانے پر، ویلفیئر مینیجمنٹ سسٹم (Welfare Management System, WMS) میں آپ کی صنف کو اپ ڈیٹ کر دیا جائے گا، جو HRA کے کلائنٹس کے لیے کیس اور بینیفٹس کی معلومات کو ٹریک کرنے کے لیے مستعمل ایک ریاستی نظام ہے۔

<u>براہ کرم نوٹ کر لیں:</u> **اگر آپ New York State of Health (جو NYS Health Care Exchange یا Marketplace کے نام سے بھی معروف ہے) کی معرفت نگہداشت صحت رکھتے ہیں تو آپ کو وہاں بھی صنف تبدیل کروانی ہوگی۔ یہ ایک علیحدہ کارروائی ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہ کرم ذیل کا سیکشن 5 دیکھیں۔**

.5 میں HRA کے ریکارڈوں میں اپنا نام کس طرح تبدیل کروں؟

آپ کو درج ذیل میں سے **ایک** دستاویز لانا ضروری ہے:

- عدالتی حکم جس پر آپ کا نام درج ہو؛
- نیو یارک اسٹیٹ کا ڈرائیونگ یا نان ڈرائیونگ ID جس پر آپ کا نام درج ہو؛
- پاسپورٹ یا سند پیدائش جس پر آپ کا نام درج ہو؛
- سوشل سیکیورٹی انتظامیہ کی جانب سے خط جس پر آپ کا نیا نام درج ہو۔

آپ کو فارم **HRA-138، انتظامیہ برائے انسانی وسائل (Human Resources Administration, HRA) میں نام اور/یا صنف تبدیل کرنے کی درخواست** بھی پُر کرنے کی ضرورت ہوگی۔ ہماری صلاح ہے کہ آپ HRA کے پاس اپنا نام تبدیل کرنے سے *پہلے* سوشل سیکیورٹی انتظامیہ کے پاس یہ کام کر لیں، کیونکہ دونوں ایجنسیوں کے بیچ عدم مماثلت کے نتیجے میں آپ کی خدمات میں رکاوٹ آ سکتی ہے۔ مطلوبہ دستاویزات آپ کے پاس آ جانے پر، ویلفیئر مینیجمنٹ سسٹم (Welfare Management System, WMS) میں آپ کے قانونی نام کو اپ ڈیٹ کر دیا جائے گا، جو HRA کے کلائنٹس کے لیے کیس اور بینیفٹس کی معلومات کو ٹریک کرنے کے لیے مستعمل ایک ریاستی نظام ہے۔

<u>براہ کرم نوٹ کر لیں:</u> **اگر آپ New York State of Health (جو NYS Health Care Exchange یا Marketplace کے نام سے بھی معروف ہے) کی معرفت نگہداشت صحت رکھتے ہیں تو آپ کو وہاں بھی نام تبدیل کروانا ہوگا۔ یہ ایک علیحدہ کارروائی ہے۔ مزید معلومات کے لیے براہ کرم اگلے صفحہ پر سیکشن 6 دیکھیں۔**

(صفحہ پلٹیں)

6. میں New York State of Health (جو NYS Health Care Exchange یا Marketplace کے نام سے بھی معروف ہے) کے اپنے بیمہ منصوبے میں اپنا نام/اور یا صنف کس طرح تبدیل کروں؟

HRA کو (New York State of Health, "NYSoH") ایکسچنج کی معرفت صحت منصوبوں کا نظم کرنے کے لیے مستعمل کمپیوٹر سسٹمز تک رسائی حاصل نہیں ہے۔ لہذا، اگر آپ کے پاس NYSoH کی معرفت کوئی منصوبہ ہے تو آپ کو براہ راست NYSoH سے رابطہ کرنا ہوگا۔ اوپر مذکور یہی دستاویزات NYSoH کے آپ کے بیمہ منصوبے کے پاس نام یا صنف کو تبدیل کرنے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہیں۔ New York State of Health آپ کے کیس کے لیے پابندی/استثناء کا کوڈ بھی لاگو کرے گا۔ آپ درج ذیل تین میں سے ایک طریقے سے ان تبدیلیوں کی درخواست کر سکتے ہیں:

مطلوبہ دستاویز خود سے، اپنے آن لائن اکاؤنٹ کی معرفت اپ لوڈ کریں؛

مطلوبہ دستاویز New York State of Health کی کسٹمر سروس کو 855-387-1363 پر فیکس کریں؛ یا


دستاویز اس پتے پر ڈاک سے بھیجیں:
New York State of Health
PO Box 11726
Albany, NY 12211

<u>براہ کرم یہ وضاحت کرتےہوئے ایک نوٹ شامل کریں کہ آپ نام اور/یا صنف تبدیل کر رہے ہیں۔</u>

6a. کیا میں NYSoH کی معرفت اپنی صنفی تعیین "X" میں تبدیل کر سکتا ہوں؟

فی الوقت، NYSoH تب تک "X" تعیین کے لیے درخواستوں پر کارروائی کرنے سے قاصر ہو سکتا ہے جب تک نیو یارک اسٹیٹ اپنے کمپیوٹر سسٹمز کو اپ ڈیٹ نہ کر دے۔

7. HRA کو میری درخواست پر کارروائی کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟

HRA اس قسم کی درخواستوں کو 14 دنوں کے اندر مکمل کرنے کی پوری کوشش کرتی ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ آف ہیلتھ میں کارروائی کا وقت مختلف ہو سکتا ہے۔

8. میں HRA کا نیا بینیفٹ کارڈ کس طرح حاصل کروں؟

نیا بینیفٹ کا عمومی شناختی کارڈ (Common Benefit Identification Card, CBIC) اس وقت تیار کیا جاتا ہے جب آبادیاتی معلومات جیسے نام یا صنف میں تبدیل ہوتی ہے۔ تاہم، 1 مئی 2015 سے، بینیفٹ کارڈز پر کارڈ ہولڈر کی صنف مزید ڈسپلے نہیں ہوتی ہے۔ تمام نئے کارڈز یوں جاری کیے جاتے ہیں کہ ان پر نام نہیں ہوتا ہے۔

(صفحہ پلٹیں)

8. **میں HRA کا نیا بینیفٹ کارڈ کس طرح حاصل کروں؟ *(جاری)***

اگر آپ کو کسی وجہ سے نئے کارڈ کی درخواست کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تو براہ کرم HRA کی انفو لائن کو 718-557-1399 پر کال کریں، www.nyc.gov/311 پر "cbic" آن لائن تلاش کرکے یا درج ذیل مقامات میں سے ایک پر تشریف لے جا کر ایک کارڈ کی درخواست کریں:

CBIC کے مقامات	
Manhattan: 109 East 16th Street - Ground Floor	Brooklyn: 227 Schermerhorn Street - Ground Floor
CBIC کی سائٹس پیر تا جمعہ 8:30 بجے صبح تا 7:15 بجے شام (چھٹیوں کو چھوڑ کر) کھلی رہتی ہیں	

9. **کیا میری معلومات کو خفیہ رکھا جائے گا؟**

HRA کے عملہ کے تمام ممبران سے ان کی زیر خدمت افراد کی رازداری برقرار رکھنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ کسی فرد کی تشریحیات یا طبی سرگزشت کے بارے میں مخنث یا بین جنسی حیثیت اور معلومات کو خفیہ معلومات کے طور پر برتنا ضروری ہے۔ صنف کی تبدیلی یا پابندی/استثناء کے کوڈ کے مقاصد کے لیے جمع کروائی گئی کوئی بھی طبی دستاویزی شہادت خفیہ، نامزد عملہ تک محدود رکھی جائے گی اور صرف خدمت فراہم کنندہ کو مطلوب حد تک ان کا افشاء کیا جائے گا۔ **تاہم، برا کرم نوٹ کر لیں کہ پابندی/استثناء کے کوڈز ریاستی بلنگ سسٹم استعمال کرنے والے طبی فراہم کنندگان اور فارماسسٹس کو نظر آئیں گے۔**

10. **کیا Medicaid مخنث اور غیر ثنائی لوگوں کے لیے صنف سے متعلق سرجریز پر محیط ہوگا؟**

ہاں۔ 11 مارچ 2015 تک، ہارمون والے معالجے اور بعض دیگر طبی لحاظ سے لازمی صنف کی توثیق کے طریق کار، بشمول بہت سارے جراحتی طریق کار نیو یارک اسٹیٹ کے Medicaid اور Medicaid کے منضبط نگہداشت کے منصوبے محیط ہیں۔ محیط طریق کار کی پوری فہرست اور کوریج کے تقاضوں کے بارے میں مزید معلومات http://www.health.ny.gov/ یا http://www1.nyc.gov/ پر جا کر تلاش کی جا سکتی ہیں۔ اگر Medicaid فراہم کنندہ کے ذریعہ آپ کو خدمات سے منع کر دیا گیا ہے یا Medicaid کے ذریعہ محیط طبی طریق کار کے بارے میں سوالات درپیش ہوں تو براہ کرم نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ صحت کی Medicaid ہیلپ لائن سے 800-541-2831 پر رابطہ کریں۔

11. **مزید معلومات کے لیے میں کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟**

- DSS کے دفتر برائے زنانہ ہم جنس پرست، اغلام باز، دو جنسہ، مخنث، عجیب الخلقت اور بین جنسی امور (Lesbian, Gay, Bisexual, Transgender, Questioning, and Intersex, LGBTQI) سے lgbtqi@DSS.nyc.gov پر اس اشاعت اور LGBTQI افراد پر اثر ڈالنے والی HRA کی پالیسیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے۔

(صفحہ پلٹیں)

11. مزید معلومات کے لیے میں کس سے رابطہ کر سکتا ہوں؟ *(جاری)*

- کیا چیز محیط ہے، کوریج کی درخواست کیسے کریں، اور کوریج سے انکار کو کیسے چیلنج کریں اس بارے میں سوالات کے لیے آپ کے Medicaid کے منضبط نگہداشت کا منصوبہ۔ اگر آپ کو اپنے منصوبے کی معلومات کا علم نہیں ہے تو براہ کرم New York State of Health کی ہیلپ لائن یا Medicaid کی ہیلپ لائن سے، ذیل میں رابطہ کریں۔
- NYSoH ایکسچنج کے زیر انتظام صحت منصوبوں کے پاس نام یا صنف کی تبدیلی کے بارے میں معلومات کے لیے New York State of Health کی ہیلپ لائن۔ TTY کے لیے براہ کرم 855-355-5777 یا 800-662-1220 پر کال کریں۔
- نیو یارک اسٹیٹ کے Medicaid کے تحت مخنث کی نگہداشت صحت کے بارے میں سوالات کے لیے New York State Medicaid Helpline کو 800-541-2831 پر۔
- اپنے کیس کے بارے میں عمومی معلومات کے لیے یا نئے CBIC کارڈ کی درخواست کرنے کے لیے HRA کی انفو لائن کو 718-557-1399 پر۔ آپ constituentaffairs@dss.nyc.gov پر ای میل یا 311 پر رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔

12. مجھے کس سے رابطہ کرنا چاہیے اگر مجھے ایسا مسئلہ درپیش یا تشویش لاحق ہو کہ کمپیوٹر سسٹمز بینیفٹس حاصل کرنے کے واسطے میری شناخت سے مماثلت نہیں رکھنے والی تعیین پر مجبور نہیں کیے جانے کے میرے حق کو تسلیم نہیں کریں گے؟

- آپ اسٹیٹ آف نیو یارک کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت (Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کے مساوی موقع اور تکثیریت (Equal Opportunity and Diversity, EOD) سے یوں رابطہ کر سکتے ہیں:

ٹیلیفون: 8555-473-518

ای میل بنام: clientcomplaints@otda.ny.gov

دستاویز اس پتے پر ڈاک سے بھیجیں:
State of New York Office of Temporary and Disability Assistance
Equal Opportunity and Diversity
North Pearl Street – 13A 40
Albany, NY 11243

- صنف X پر ریاستی کمپیوٹر کی تحدید کو چیلنج کرنے کے طریقے کی بابت مزید معلومات کے لیے آپ DSS کے دفتر برائے زنانہ ہم جنس پرست، اغلام باز، دو جنسہ، مخنث، عجیب الخلقت اور بین جنسی (Lesbian, Gay, Bisexual, Transgender, Questioning, and Intersex, LGBTQI) امور سے lgbtqi@DSS.nyc.gov پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔